اٹھو، تاکہ میں تمہیں نماز پڑھا دوں

انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ان کی دادی مُلیکہ نے رسول اللہ ﷺ کو ایک کھانے پر بلایا، جو انہوں نے آپ ﷺ کے لیے تیار کیا تھا چنانچہ آپ ﷺ نے اس میں سے کھایا، پھر فرمایا: ”اٹھو، تاکہ میں تمہیں نماز پڑھا دوں“، انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں اپنی ایک چٹائی کی طرف اٹھا جو کثرت استعمال سے سیاہ ہوگئی تھی میں نے اس پر پانی کا چھینٹا مارا، پھر رسول اللہ ﷺ اس پر کھڑے ہوئے میں اور ایک یتیم لڑکے نے آپ کے پیچھے صف بنائی اور بوڑھی دادی ہمارے پیچھے کھڑی ہوئیں آپ ﷺ نے ہمیں دو رکعت نماز پڑھائی، پھر آپ واپس تشریف لے گئے صحیح مسلم کی روایت میں ہے کہ ”رسول اللہ ﷺ نے انہیں اور ان کی ماں کو نماز پڑھائی تو مجھے اپنے دائیں کھڑا کیا اور ماں کو ہمارے پیچھے کھڑا کیا“

[صحیح] [اسے امام مسلم نے روایت کیا ہے] - متفق علیہ]

ملیکہ رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ ﷺ کو کھانے کے لیے بلایا، جو انہوں نے آپ کے لیے تیار کیا تھا اللہ تعالی نے آپ ﷺ کو اعلی اخلاق اوربلند کردارسے سرفراز کیاتھا انہی میں سے ایک آپ کی بے حد تواضع و خاکساری ہے چنانچہ آپ ﷺ عظیم مقام ومرتبہ پر فائز ہونے کے باوجود چھوٹے بڑے، مرد وعورت، امیر وغریب سب کی دعوت قبول فرماتے تھے آپ ﷺ اس کے ذریعے کمزوروں اور محتاجوں کی غمگساری، فقیروں اور مسکینوں سے ہمدردی اور جاہلوں کی تعلیم وتربیت جیسے اہم مقاصد حاصل کرنا چاہتے تھے پس آپ ﷺ اس دعوت دینے والی خاتون کے ہاں تشریف لائے اور اس کا کھانا تناول فرمایا پھر آپ ﷺ نے اس موقع کو غنیمت جانتے ہوئے ان کمزوروں کو، جو بسا اوقات بڑوں کے ساتھ آپ ﷺ کی مبارک مجلسوں میں نہیں حاضر ہوتے ہیں، تعلیم دینا چاہا چنانچہ آپ ﷺ نے ان سب کو کھڑے ہونے کا حکم دیا تاکہ انہیں نماز پڑھائیں جس سے انہیں نماز کی کیفیت کا علم ہو جائے انس رضی اللہ عنہ ایک پرانی چٹائی کی طرف متوجہ ہوئے جو کثرت استعمال کی وجہ سے سیاہ ہو چکی تھی، اس کو پانی سے دھلا پھر آپ ﷺ انھیں نماز پڑھانے کے لیے اس پر کھڑے ہوئے انس رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھ ایک یتیم لڑکا نبی ﷺ کے پیچھے ایک صف میں کھڑے ہوئے اور ملیکہ رضی اللہ عنہا -جو میزبان تھیں- نماز پڑھنے کے لیے انس رضی اللہ عنہ اور یتیم لڑکے کے پیچھے کھڑی ہوئیں آپ ﷺ نے انھیں دو رکعت نماز پڑھائی، پھر آپ ﷺ دعوت وتعلیم کا حق ادا کرنے کے بعد واپس آگئے الحمد للہ اللہ کا ہم پر بہت بڑا احسان کہ ہمیں آپ ﷺ کے افعال واخلاق میں آپ کا متبع بنایا ہے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/3324